جو جماعتیں بائیکاٹ کی دھمکی دے رہی ہیں وہ انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہیں اور عوام کے سامنے جانے سے کترا رہی ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار

رنچھوڑ لائن زین العابدین پارک میں منعقدہ انتخابی مہم کے سلسلے میں عشائیہ اور الیکشن آفس کے افتتاح کے موقع پر خطاب

کراچی۔۔۔4دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ 2008ء کے عام انتخابات میں عوام کی مکمل حمایت سے بھرپور کامیابی حاصل کرے گی ، سیاست برائے خدمت ایم کیوایم نصیب العین ہے اور متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو عوامی خدمت کا منشور لیکر میدان سیاست میں آئی ہے، حق پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کی روشنی میں عوام کے مسائل کے حل کیلئے تیزی سے کام کر رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے زین العابدین پارک رنچھوڑ لائن میں پولنگ ایجنٹس اور مختلف برادریوں کے معززین کے اعزاز میں دیئے گئے اعشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں ایم کیوایم الیکشن کمیٹی کے ذمہ داران ، رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ معززین اور عوام بالخصوص بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں ڈاکٹر فاروق ستار نے الیکشن آفس کا افتتاح کیا اور ایم کیوایم کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت نازک دور سے گزر رہا ہے، گزشتہ 60 سالوں سے ملک میں جاری رسہ کشی نے ملک کو شدید نقصان پہنچایا۔انہوں نے کہا کہ وہ جماعتیں جو بائیکاٹ کی دھمکی دے رہی ہیں وہ انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہیں اور عوام کے سامنے جانے سے کترا رہی ہیں، کیونکہ ماضی میں انہوں نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا اور عوام کو بے وقوف بنایا۔انہوں نے کہا کہ 8 جنوری کا عام انتخاب ملک کی تاریخ کا اہم ترین انتخاب ثابت ہوگا جس میں عوام ایک بار پھر ایم کیوایم کے نامزد امیدوار کو بھرپور حمایت سے کامیاب کروا کر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپنی محبت کا ثبوت دینگے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے حالیہ انتخابات میں ملک بھر سے اپنے امیدوار کھڑے کیے ہیں جو عوام کی بھرپور حمایت سے کامیابی حاصل کریں گے اور اسمبلیوں و ایوانوں میں جا کر عوام کے مسائل حل کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوامی خدمت کا منشور لیکر میدان سیاست میں آئی ہے، منتخب حق پرست نمائندوں نے اپنے اقتدار میں جتنے کام کیے اتنے کام ملکی تاریخ میں کسی اور جماعت نہیں کیے، حق پرست قیادت عوام کے مسائل کے حل اور ان کی پریشانیوں کے خاتمے کیلئے دن رات کوشاں ہے اور کراچی کے عوام اس کے عینی شاہد ہیں۔انہوں نے تمام پولنگ ایجنٹس، کارکنان اور ہمدردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے اپنا فیصلہ دیدیا ہے اور ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو الیکشن والے دن باآسانی ووٹ کاسٹ کروائیں اور اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔

الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 22ویں برسی بدھ کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی

کراچی۔۔۔4دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی 5، دسمبر بدھ کو کراچی سمیت ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی۔برسی کے سلسلے میں اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر جبکہ صوبہ پنجاب، سرحد اور صوبہ بلوچستان کے صوبائی دفاتر میں اجتماعات منعقد کئے جائیں گے جبکہ مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا۔اجتماعات میں خورشید بیگم مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی اور مرحومہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی کے سلسلے میں منعقد ہونے والے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں بھرپور شرکت کریں۔

سرسید یونیورسٹی کے رجسٹرار شاہ محمود حسین کے والد کے انتقال پر اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4دسمبر2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی نے سرسید یونیورسٹی کے رجسٹرار شاہ محمود حسین کے والد شاہ حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے شاہ محمود حسین سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆